لافتی الا علی لاسیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ٢	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ٩ جمادی الاول سنہ ١٣۴٠ھ مطابق ٩ جنوری سنہ ١٩٢٢ء	جلد ٣۴

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
١	رخصت مدیر سپرنٹنڈنٹ شرقی میونسپلٹی	١
٢	اضافہ بابو شنکر دیال و بنوری لال و کشن سروپ	٢
٣	رخصت ڈاکٹر مجیب الحق نگار میر	״
۴	اضافہ سید نادر علی خوشنویس	״
۴	ہدایات نسبت مجیب حیات خان مرزا باب	״
۵	رخصت منصرم عدالت حجی	״
٦	رخصت اہلمد اسپشل مجسٹریٹ درجہ دوم	״
٧	نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

رخصت

٢٢ دسمبر سنہ ١٩٢١ء

حسب استدعا صاحب ہوم سکریٹری بہادر۔ رخصت مزید یکماہ سید علمدار حسین سپرنٹنڈنٹ شرقی میونسپلٹی بوجہ علالت روز ختم رخصت سابقہ سے باستقرار موجودہ منظور فرمائی گئی منجملہ تیس روپیہ ماہوار تنخواہ جزئی کے بیس روپیہ ماہانہ سرکار سے ہونگی اور دس روپیہ ماہانہ انجام دہی کار متعلقہ علمدار حسین صاحب مجروح سید توکل حسین خانصاحب سپرنٹنڈنٹ غربی میونسپلٹی کو ملینگے۔

اضافہ

۲۲ر دسمبر ۱۹۲۱ء

حسب رپورٹ ناظم میر منشی دارالانشا - بابو شنکر دیال و بابو جوہر لال کی تنخواہ میں دس دس روپیہ ماہوار اضافہ اور بابو بشن سروپ کی تنخواہ میں سات روپیہ ماہوار اضافہ منظور فرمایا گیا

رخصت

۲۶ر دسمبر ۱۹۲۱ء

حسب رپورٹ صاحب ہوم سکریٹری بہادر - رعایتی رخصت بیس یوم ڈاکٹر لچھمی گنگا دہر ناٹو سٹری ڈاکٹر ۲۴ر دسمبر سنہ حال سے بغرض روانگی لکھنؤ بوجہ علالت پدر موصوف الیہ منظور فرمائی گئی -

اضافہ

۴ر جنوری ۱۹۲۲ء

حسب استدعا صاحب ہوم سکریٹری بہادر - سید نادر علی خوشنویس و کمپوزیٹر مطبع سرکاری مشاہرہ پچیس روپیہ ماہوار کی تنخواہ میں پانچ روپیہ ماہوار اضافہ منظور فرمایا گیا

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
واقع ۱۸ر دسمبر ۱۹۲۱ء

بعض اوقات دیکھا گیا کہ باوجود دیکہ ملزمان کی رقم جرمانہ اوس ہی مقدمہ کی بابت عدالت ابتدائی میں جمع ہوتی ہے اور عدالت اپیل سے اگر جرمانہ کی رقم میں اضافہ ہوتا ہے تو وہ رقم مجتمعہ کافی ہوتی ہے یا منہا و محسوب نہیں کیجاتی ہے بلکہ اوس سے مزید رقم مانگی جاتی ہے اور ملزمان کو غلط ہوتا ہے کہ ہماری رقم جمع ہے اسی قسم کے معاملہ کے متعلق ستار خان علی رضا خان قیدیان کی درخواست کل پیش ہوئی جس پر علیحدہ حکم دیدیا گیا ہے - لیکن اس غلط فہمی سے یہ اندیشہ ہے کہ اگر ستار خان وغیرہ درخواست اجلاس ہذا میں نہ دیتے تو وہ عدم ادائگی جرمانہ کی صورت میں (جو محض عدالت ابتدائی کے خیال میں عدم ادائگی تھی) قید رہتے اور چونکہ واقع میں انکی رقم جمع تھی اسلئے انکا قید رہنا حبس بیجا کی تعریف تک پہونچتا اور یہ ایک اہم بے ضابطگی ہوتی لہذا اس خیال سے کہ آیندہ پھر کوئی غلط عمل نہ کیا جائے مفصل ہدایت کی ضرورت ہے کہ صیغہ اپیل یا نگرانی میں جب کسی ملزم کی سزا میں ترمیم ہوتی ہے تو اوسکے معنے یہ نہیں ہوسکتے کہ سزا جو بصیغہ اپیل یا نگرانی بعد ترمیم ہوتی ہے وہ علاوہ اوس سزا کے ہے جو عدالت ابتدائی سے دی گئی تھی بلکہ صاف و صریح یہ ہے کہ بعد ترمیم جو سزا کہ ملزم کے حق میں دی گئی ہے وہ یکجائی سزا مطابق حکم اپیل یا نگرانی کے رہجاتی ہے مثلاً کسی ملزم پر عدالت ابتدائی سے دو ماہ قید سخت اور پچاس روپیہ جرمانہ ہوئی اور بترمیم حکم عدالت ابتدائی عدالت اپیل سے ایک ماہ قید سخت اور پچیس روپیہ جرمانہ ہوئے تو اسکے معنے یہ ہیں کہ ملزم کو جرم منسوبہ میں ایک ماہ قید سخت اور پچیس روپیہ جرمانہ کی سزا ہوئی ہے اور اوسی کی تعمیل ہوگی اور ملزم نے پچاس روپیہ جرمانہ کے داخل کردے ہیں تو یہ پچیس روپیہ جرمانہ کے جو عدالت اپیل میں قائم ہوئے ہیں پچاس روپیہ وصول شدہ سے محسوب ہونگے اور کوئی مزید رقم جرمانہ اوس سے وصول نہ کیجائیگی یا یہ کہ بصیغہ نگرانی ازدیاد سزا بترمیم حکم عدالت اپیل یا ابتدائی دو ماہ قید سخت اور پچہتر روپیہ جرمانہ کی سزا ہوئی تو ملزم پر پابندی حکم صیغہ نگرانی کی رہیگی - اور یہ کہ ملزم پر پچاس روپیہ جرمانہ عدالت ابتدائی سے ہوکر وصول ہوچکا ہے تو وہ اس پچہتر روپیہ میں محسوب ہونیکے بعد بقیہ رقم پچیس روپیہ وصول کیئے جائینگے تا کہ مزید پچہتر روپیہ وصول کیئے جائینگے - لہذا - حکم ہوا کہ ایک ایک نقل اس روبکار کی ہدایتاً جملہ عدالتہائے فوجداری میں مرسل ہو اور ایک نقل درج گزٹ ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

ملخص احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۴ر جنوری ۱۹۲۲ء

حسب سفارش صاحب ڈسٹرکٹ سشن جج بہادر رخصت مزید یکماہ منشی محمد حسن منصرم عدالت ججی بوجہ تقاضائے علالت بانضمام سابقہ منظور کی گئی

۵ر جنوری ۱۹۲۲ء

حسب تحریر صاحب مجسٹریٹ ضلع - مزید رخصت یکماہ منشی محمد علیخان اہلمد عدالت اسپیشل مجسٹریٹ درجہ دوم کی بوجہ علالت یکم جنوری ۱۹۲۲ء سے منظور ہوئی

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور بابت ابتدائے یکم لغایت ۷ جنوری ۱۹۲۲ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۲ مار		۱۳۰ مار	۱۳۰ مار			دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۱۳۰ مار		۱۴ مار	۱۴ مار			
نخود کسہ آمیز	۱۴۰ مار		۱۴ مار	۱۳۰ مار			
کستر	۱۲ مار		۱۲ مار	۱۴۰ مار			
ماش	۵۰ ما		۶ مار	۶ مار			
مونگ	۵ مار		۵ مار	۶ مار			
مکا	۵۰ مار		۱۲ مار	۶ مار			
جنی	۰		۰	۷ مار			
کوجی	۰		۰	۵ مار			
عدس	۵ مار		۶ مار	۴ مار			
ارہر	۰		۰	۵ مار			
برنج	۴۰ مار		۴۰ مار	۴۰ مار			
روغن زرد	۰ چھٹانک		۰ مار	۰ مار			
روغن سیاہ	۱ مار		۱ مار	۱ مار			
روغن کنجد	۱ مار		۱ مار	۱ مار			
نمک سانبھر	۱۲۰ مار		۱۲ مار	۹۰ مار			
نمک لاہوری	۶ مار		۶ مار	۵ مار			
قند سیاہ	۳۰ مار		۳ مار	۳ مار			
باجرہ	۵۰ مار		۵ مار	۵ مار			